## سوال

فوٹوسٹیٹ دکان کی زکوۃ

## جواب

*السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ*

میں دکان کرتا ہوں جس کی آمدن تقریباً بیس ہزار روپے ماہانہ ہے اور اس کے اندر تقریباً تین لاکھ روپے کی مشین از قسم فوٹوسٹیٹ وغیرہ ہے کیا مجھے اس رقم پر زکوۃ دینی ہوگی۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

*وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!*
*الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!*

اگر تو آپ یہ بیس ہزار روپے ہر ماہ خرچ کر لیتے ہیں اور آپ کے پاس کوئی رقم جمع نہیں ہوتی ہے تو نصاب نہ ہونے کی وجہ سے آپ کی اس رقم پر کوئی زکوۃ نہیں ہے۔ اور اگر آپ نے اس میں سے کچھ رقم بچالی ہے جو نصاب (ساڑھے باون تولے چاندی) کو پہنچ چکی ہے تو اس پر آپ کو ایک سال گزرنے پر اڑھائی فی صد کے حساب سے زکوۃ دینا ہوگی۔

مشین اگر آپ نے فوٹو کاپیوں اور کاروباری استعمال کے لئے رکھی ہوئی ہے تو اس مشین پر کوئی زکوۃ نہیں ہے۔ اور اگر آپ نے اسے بطور تجارت بیچنے کے لئے رکھا ہے تو پھر اس کی قیمت پر اڑھائی فی صد کے حساب سے زکوۃ دینا ہوگی۔

*ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب*

## فتوی کمیٹی

### محدث فتویٰ